© rasailojaraid.com

# کتاب نما

شاہکار انسائی کلوپیڈیا قرآنیات، (مع عالمی مذاہب)، ادارت: سید قاسم محمود۔ ناشر: شاہکار بک فاؤنڈیشن، ۳۵-بی، اقبال ایونیو، گرین ٹاؤن، لاہور-۵۴۷۷۰۔ فون: ۵۹۴۵۴۲۹۔ قیمت: فی قسط: ۱۰۰ روپے، سالانہ رکنیت: ۱۰۰۰ روپے۔

قرآن کریم اور علوم القرآن سے اُمت مسلمہ کا تعلق یوں تو ہر دور میں نمایاں نظر آتا ہے جس کی ایک دلیل تفسیری ادب میں شاہکار تصانیف کا پایا جانا ہے۔ چنانچہ اسلام کے دورِ احیا میں صرف ۲۰ویں صدی میں ابوالکلام آزاد، عبدالماجد دریابادی، یوسف علی، سید ابوالاعلیٰ مودودی، مفتی محمد شفیع، سید قطب شہید اور محمد اسد کی تفاسیر نہ صرف وجود میں آئیں بلکہ قبولیت عام حاصل کرنے کے بعد اُمت مسلمہ پر گہرے اثرات مرتب کرنے کا ذریعہ بنیں۔ شاہکار انسائی کلوپیڈیا قرآنیات خود مدیر اعلیٰ کے الفاظ میں تفسیر نہیں ہے، گو مضامین کی تیاری میں معتبر و مستند تفاسیر سے مدد لی گئی ہے۔ اس کی اصل خوبی سلیس اُردو میں اُردو اصطلاحات کی بنیاد پر قرآنیات سے متعلق مضامین پر مقالات کا یک جا کر دینا ہے۔ بعض مقالات معروف مسلمان مفکرین کی تحریرات سے اخذ کیے گئے ہیں اور اکثر اس مجموعے کے لیے لکھوائے گئے ہیں۔ ہر ماہ ایک قسط کی اشاعت کا منصوبہ بنایا گیا ہے اور اب تک چار اقساط شائع ہو چکی ہیں۔ پہلی قسط جنوری ۲۰۰۹ء میں شائع ہوئی تھی۔

مضامین میں خصوصی طور پر یہ خیال رکھا گیا ہے کہ مسلکی رنگ نہ آنے پائے۔ بعض مقالات مثلاً 'آثارِ قدیمہ' (ج ۱، ص ۱۹-۳۹)، 'آدم' (ص ۵۳ تا ۶۹)، 'آیات' (ج ۳، ص ۱۷۴ تا ۲۰۷)، 'ابراہیم' (ج ۳، ص ۲۱۵ تا ۲۳۲)، 'آفرینش' (ج ۳، ص ۱۲۹ تا ۱۳۹) دیگر مقالات کے مقابلے میں زیادہ تفصیلی ہیں، جب کہ دیگر مضامین میں مواد کی تشنگی کا احساس ہوتا ہے۔ بعض مضامین میں غیر ضروری معلومات شامل کر دی گئی ہیں، مثلاً مولانا ابوالکلام آزاد پر دوسری جلد میں قرآنیات کے


© rasailojaraid.com